نورالعلم آن لائن مکتبہ

درسی اور غیر درسی

کتب گھر بیٹھے منگوائیں

PDF کتابیں دستیاب نہیں

03075722464

# شرح وقایہ

## بابِ شروط الصلاۃ

سوال: حدث اور خبث میں کیا فرق ہے؟

جواب: حدث کے معنی ہیں نجاستِ حکمیہ اور خبث کا معنی ہے نجاستِ حقیقیہ۔

سوال: شرائط نماز تحریر کریں؟

جواب: **شرائط نماز:** 1) مصلی کا بدن حدث و خبث سے پاک ہو، 2) مصلی کا کپڑا پاک ہو، 3) نماز کی جگہ پاک ہو، 4) سترِ عورت کا ڈھانکنا، 5) قبلہ کی طرف رُخ کرنا، 6) نیّت کرنا۔

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: شہر میں اپنے گھر میں نماز ادا کرنے والے کے لیئے اذان واقامت ترک کرنا کب درست ہے؟

**جواب:** شہر میں اپنے گھر میں نماز ادا کرنے والے کے لیئے اذان و اقامت ترک کرنا اس وقت درست ہے جب انکی محلے کی مسجد میں اذان و اقامت ہو چکی ہو، اور اگر دیہاتی اپنے گھر میں نماز پڑھ رہا ہے تو اگر اس کے دیہات میں مسجد ہے تو وہاں اذان واقامت ہو چکی ہے تو ترک کر سکتا ہے، ورنہ وہ مسافر کے حکم میں ہے، یعنی ترک نہیں کرے گا

سوال: امام و قوم (مقتدی) اقامت میں کس وقت گھڑے ہوں؟

**جواب:** امام اور قوم (مقتدی) اقامت میں حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة کے وقت کھڑے ہوں گے۔

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: جنبی کی اذان کا اعادہ ہے اور اقامت کا نہیں، کیا وجہ ہے؟

**جواب:** اس لیئے کہ اقامت کا تکرار مشروع نہیں، کیونکہ اقامت حاضرین کی اطلاع کے لیئے ہے تو ایک ہی اقامت کافی ہے، اور اذان غائبین کے لیئے اعلام ہے تو اس میں احتمال ہے کہ بعض نے سنی ہو بعض نے نہیں تو اذان کی تکرار مفید ہے۔

سوال: ایک اور کئی قضا نمازوں کے لیئے اذان و اقامت کا حکم بیان کریں؟

**جواب:** قضا نماز کے لیئے بھی اذان و اقامت دونوں کہے اگر صرف ایک قضا پڑھ رہا ہے تو، اور جب متعدد قضایا ایک ہی وقت میں ادا کر رہا ہے تو صرف پہلی کے لیئے اذان و اقامت کہے اور باقی قضایا میں صرف اقامت پر بھی اکتفاء کر سکتا چاہے (اور چاہے تو باقیوں کے لیئے بھی دونوں کہہ لے)

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: محدِث کی اذان واقامت کا کیا حکم ہے؟

جواب: محدث کی اذان درست ہے، اور اقامت مکروہ ہے لیکن دونوں کا اعادہ نہیں کیا جائے گا

سوال: جنبی کی اذان واقامت کا کیا حکم ہے؟

جواب: جنبی کی اذان اور اقامت دونوں مکروہِ تحریمی ہیں، اذان کا اعادہ کیا جائے گا اقامت کا نہیں۔

سوال: عورت، مجنون اور سکران کی اذان کا کیا حکم ہے؟

جواب: عورت، مجنون اور سکران بھی جنبی کے حکم میں ہیں یعنی ان کی اذان بھی مکروہِ تحریمی ہے اور اس کا اعادہ کیا جائے گا

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: مسافر، مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے والا اور شہر میں اپنے گھر میں نماز ادا کرنے والے کے لیئے اذان واقامت کا کیا حکم ہے؟ نیز شارح رحمۃ علیہ کا ان میں سے کسی ایک کے ترک کرنے کے بارے میں کیا موقف ہے وہ بھی بیان کریں

**جواب:** مسافر، مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے والا اور شہر میں اپنے گھر میں نماز ادا کرنے والا دونوں کہے گا، مسافر اور مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنے والے کے لیئے اذان و اقامت دونوں کا ترک کرنا مکروہ ہے اور شہر میں اپنے گھر میں نماز پڑھنے والے کے لیئے مکروہ نہیں، کسی ایک کے ترک کرنے کے بارے میں شارح رحمۃ علیہ فرماتے ہیں کہ: "جو مسجد میں جماعت سے نماز پڑھے اس کے لیئے ایک کا ترک بھی مکروہ ہے، اور مسافر صرف اقامت پر اکتفاء کر سکتا ہے، اور شہر میں اپنے گھر میں نماز ادا کرنے والے کے لیئے دونوں کا ترک کرنا جائز ہے۔

# شرح وقایہ

سوال: جو عورت آخری وقت میں حائضہ ہوئی اس کے لیے، اس نماز کا کیا حکم ہے؟

جواب: جو عورت آخری وقت میں حائضہ ہوئی تو وہ اس وقت کی نماز کی قضا نہیں کرے گی۔

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: مؤذن اذان کس طرح دے گا مکمل کیفیت بیان کریں؟

جواب: مؤذن مستقبلِ قبلہ ہو، اکی دونوں شہادتوں کی انگلیاں اکسے کانوں میں ہوں، ترسیل کرے (یعنی ٹھہر ٹھہر کر کہے) جلدی نہ کرے، الفاظِ اذان میں لحن نہ کرے یعنی کسی حرف کی کمی یا زیادتی نہیں کرے نہ ہی کیفیات حروف کو تبدیل کرے جیسے حرکات و سکنات و مدّات کو تبدیل کرنا، ہاں مگر الفاظ اذان میں بغیر حروف کے تغیر کے مطلق تحسینِ صوت بہتر ہے، اور شہادتین میں ترجیع نہیں کرے گا (ترجیع یعنی پہلے پست آواز سے کہے پھر بلد آواز سے)، اور حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة اور حَيَّ عَلَى الفَلَاح میں اپنے چہرے کو دائیں بائیں گھمائے گا، اور اگر اپنی جگہ رہ کر اعلام حاصل نہ ہو سکے تو کھڑکی سے سر نکال کر حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة حَيَّ عَلَى الفَلَاح کہے، اور اذان فجر میں حَيَّ عَلَى الفَلَاح کے بعد دو مرتبہ الصلوٰةُ خیر من النوم کہے۔

# شرح وقایہ

سوال: جو عورت عصر یا عشاء کے وقت پاک ہو تو وہ کون کون سی نماز پڑھے گی، احناف و شوافع کا اختلاف بیان کریں؟

جواب: **احناف کے نزدیک** جو عورت عصر یا عشاء کے وقت میں پاک ہوئی وہ فقط اسی وقت کی نماز ادا کرے گی، جبکہ **شوافع کے نزدیک** وہ عورت عصر میں پاک ہوئی تو ظہر و عصر پڑھے گی اور عشاء میں پاک ہوئی تو مغرب و عشاء پڑھے گی۔

سوال: جو آخری وقت میں فرض نماز کا اہل ہوا اس کے لیے اس نماز کا کیا حکم ہے؟

جواب: جو آخری وقت میں فرض نماز کا اہل ہوا کہ صرف تحریمہ ہی باندھ سکتا ہے اتنا ہی وقت ہے، غسل وغیرہ نہیں کر سکتا تو وہ اس وقت کی نماز کی قضا کرے گا

# شرح وقایہ

سوال: نفل نماز پڑھنا کن وقتوں میں مکروہ ہے؟

جواب: جب امام جمعہ کے خطبے کے لیے نکل آئے، اور صبح صادق کے بعد (سوائے سنت فجر کے) اور ادائے عصر کے بعد سے ادائے مغرب تک۔

سوال: جن اوقات میں نفل نماز مکروہ ہے ان اوقات میں قضا نماز، نمازِ جنازہ اور سجدہ تلاوت کا کیا حکم ہے؟

جواب: یہ تینوں، امام کے خطبے کے لیئے نکل آنے کے وقت میں مکروہ ہیں، اور صبح صادق کے بعد اور ادائے عصر سے ادائے مغرب تک میں جائز ہیں

سوال: ایک موقع کے علاوہ دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرنا جائز نہیں، وہ موقع کون سا ہے؟

جواب: حج کے موقع کے علاوہ دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرنا جائز نہیں۔

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: فجر کی ادائیگی کے لیے، مستحب وقت بیان کریں مع دلیل؟

جواب: فجر کے لیے، مستحب یہ ہے کہ اسفار (یعنی اجالے) کے بعد پڑھے، اس طور سے کہ 40 سے 60 آیات بالترتیل پڑھ سکے، پھر اگر نمازی کا وضوء ٹوٹ جائے یا کسی اور وجہ سے اعادہ لازم ہو جائے تو اسی قدر تلاوت کے ساتھ اعادہ کر سکے۔

**دلیل:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

"فجر کی نماز اجالے میں پڑھو کیونکہ اس کا اجر بہت بڑا ہے"۔

# شرح وقایہ

## باب الجمعہ

سوال: جمعہ کی شرائط تحریر کریں؟

جواب: 1) صحت ہونا، (بیمار پر جمعہ واجب نہیں) 2) آزاد ہونا، (غلام پر واجب نہیں)، 3) عقل ہونا، (پاگل پر نہیں) 4) مرد ہونا (عورتوں پر جمعہ نہیں)، 5) بالغ ہونا (نابالغ پر جمعہ نہیں)، 6) بینائی ہونا (اندھے پر جمعہ نہیں)، 7) معذور نہ ہو، 8) سلطان یا اسکا نائب جمعہ کرائے، 9) جمعہ شہر میں ہو، 10) خطبہ ہو، 11) ظہر کا وقت ہو، 12) جماعت سے ہونا، 13) اذنِ عام ہونا

سوال: مصالح المصر کیا کیا ہیں؟

جواب: ○ گھوڑ سوار میدان، ○ لشکروں کے جمع ہونے کی جگہ ○ قبرستان ○ جنازے کی جگہ اور انکے جیسے دیگر۔

# شرح وقایہ

## باب الجمعہ

سوال: جمعہ کے خطبے کے متعلق اختلاف آئمہ تحریر کریں؟

جواب: جمعہ کے خطبے کے بارے میں امام اعظم رحمۃ علیہ
اور صاحبین رحمۃ علیہما کا اختلاف ہے
امام اعظم رحمۃ علیہ کے نزدیک خطبہ کم از کم تسبیح کے مثل
(مقدار) ہو
صاحبین رحمۃ علیہما کے نزدیک خطبہ اتنا طویل ہو کہ جس کو خطبے
کا نام دیا جا سکے

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: کس شخص کے لیے، وتر کو اخیر رات تک مؤخر کرنا مستحب ہے؟

جواب: اس شخص کے لیے، مستحب ہے جس کو خود پر اخیر رات میں بیدار ہو جانے کا اعتماد ہو۔

سوال: مغرب کے لیے، اور سردی میں ظہر کے لیے، کون سا وقت مستحب ہے؟

جواب: مغرب کے لیے، اور سردی میں ظہر کے لیے، تعجیل مستحب ہے

سوال: بادل والے دنوں میں نمازوں کا مستحب وقت بیان کریں؟

جواب: بادلوں والے دنوں میں عصر و عشاء میں تعجیل اور باقی نمازوں میں تاخیر مستحب ہے۔

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور وتر کا وقت بیان کریں؟

جواب: **فجر**: صبح صادق سے لے کر طلوع آفتاب تک۔

**ظہر**: سورج کے زوال سے لے کر ہر شی کا سایہ دو مثل ہو جانے تک، سوائے زوال کے وقت کے سائے کے (یعنی سایہ اصلی کے علاوہ)

**عصر**: ظہر کا وقت ختم ہونے سے غروب آفتاب تک

**مغرب**: عصر کا وقت ختم ہونے سے شفقِ احمر کے غائب ہونے تک

**عشاء**: مغرب کا وقت ختم ہونے سے فجر تک

**وتر**: عشاء کے بعد سے فجر تک

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: فجر کی ادائیگی کے لیے، مستحب وقت بیان کریں مع دلیل؟

جواب: فجر کے لیے، مستحب یہ ہے کہ اسفار (یعنی اجالے) کے بعد پڑھے، اس طور سے کہ 40 سے 60 آیات بالترتیل پڑھ سکے، پھر اگر نمازی کا وضوء ٹوٹ جائے یا کسی اور وجہ سے اعادہ لازم ہو جائے تو اسی قدر تلاوت کے ساتھ اعادہ کر سکے۔

**دلیل:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

"فجر کی نماز اجالے میں پڑھو کیونکہ اس کا اجر بہت بڑا ہے"۔

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور وتر کا وقت بیان کریں؟

جواب: **فجر:** صبح صادق سے لے کر طلوعِ آفتاب تک۔

**ظہر:** سورج کے زوال سے لے کر ہر شی کا سایہ دو مثل ہو جانے تک، سوائے زوال کے وقت کے سائے کے علاوہ (یعنی سایہ اصلی کے علاوہ)

**عصر:** ظہر کا وقت ختم ہونے سے غروبِ آفتاب تک

**مغرب:** عصر کا وقت ختم ہونے سے شفقِ احمر کے غائب ہونے تک

**عشاء:** مغرب کا وقت ختم ہونے سے فجر تک

**وتر:** عشاء کت بعد سے فجر تک

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: مکروہ اوقات میں کیا کیا چیزیں جائز نہیں؟

جواب: مکروہ اوقات میں ○ نماز ○ سجدہ تلاوت
○ نماز جنازہ جائز نہیں، سوائے اس دن کی نمازِ عصر
کے۔

# شرح وقایہ

## فصلٌ فی مواقیت الصلاۃ

سوال: موسم گرما میں ظہر کی ادائیگی کے لیے، مستحب وقت بیان کریں مع دلیل؟

جواب: موسم گرما میں ظہر کے لیے، مستحب یہ ہے کہ اس میں تاخیر کی جائے۔

**دلیل:** صحیح بخاری میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان "ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھو اس لیے، کہ گرمی کی شدت جہنم کے بھڑکنے سے ہے"۔

سوال: عصر کا مستحب وقت بیان کریں؟

جواب: عصر کا مستحب وقت آفتاب کے متغیر ہونے سے پہلے پہلے تک ہے۔

سوال: عشاء و وتر کا مستحب وقت بیان کریں؟

جواب: عشاء کا مستحب وقت یہ ہے کہ عشاء کو ایک تہائی رات تک مؤخر کیا جائے، اور وتر کو اخیر رات تک۔

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: اذان کا کیا حکم ہے؟

جواب: اذان سنت (موکدہ) ہے۔

سوال: اذان کن نمازوں کے لیے سنت ہے؟

جواب: اذان پانچوں فرض نمازوں کے لیے سنت (موکدہ) ہے، نوافل کے لیے نہیں۔ مگر بعد الوقت قضا کے لیے بھی اذان سنت ہے۔

سوال: قبل از وقت اذان دی تو کیا حکم ہے؟

جواب: قبل از وقت اذان دی گئی تو اعادہ کیا جائے گا۔

# شرح وقایہ

## باب الاذان

سوال: اقامت کے بارے میں احناف اور امام شافعی رحمۃ علیہ کا اختلاف بیان کریں؟

جواب: عند الاحناف اقامت اذان کی طرح ہے (یعنی کلمات دو دو مرتبہ کہے گا)، امام شافعی رحمۃ علیہ کے نزدیک اقامت فرادی ہے (یعنی کلمات ایک ایک بار ہی کہے گا) سوائے **قدقامت الصلاۃ** کے کہ یہ دو مرتبہ کہے گا۔

# شرح وقایہ

## بابِ شروط الصلاۃ

سوال: مرد، لونڈی اور آزاد عورت کا سترِ عورت بیان کریں؟

جواب: مرد کے لیے، اس کی ناف کے نیچے سے لے کر اس کی زانوں کے نیچے تک عورت ہے۔ اور لونڈی کے لیے، بھی مرد کی طرح ہے لیکن اس میں اس کی پیٹھ اور پیٹ بھی شامل ہیں اور آزاد عورت کے لیے، کل بدن عورت ہے سوائے چہرے، ہتھیلی اور قدم کے۔

# شرح وقایہ

## باب الجمعہ

سوال: منٰی میں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

جواب: حج کے موسم میں جمعہ جائز ہے خلیفہ یا امیرِ حجاز کے لیے، امیر حج کے لیے، نہیں

سوال: عرفات میں جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

جواب: عرفات میں جمعہ جائز نہیں۔

# شرح وقایہ

## باب الجمعہ

سوال: جمعہ میں امام کے علاوہ تین ہی مرد ہوں اور دوران نماز کوئی بھاگ جائے تو کس صورت میں نماز ہو جائے گی اور کس صورت میں نہیں؟

جواب: پہلی رکعت کے سجدے سے پہلے اگر کوئی ایک نمازی بھی بھاگ گیا اگرچیکہ باقی موجود ہوں تو نماز نہیں ہوگی، ظہر ادا کریں گے

اور سجدے کے بعد بھاگا تو نماز مکمل کریں جمعہ ہو گیا۔

مزید کتب کیلئے ہمارا پیج

نورالعلم آنلائن مکتبہ online books

وزٹ کریں